سوال

کیا جنابت کی حالت میں روزہ رکھنا جائز ہے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزہ رکھنے کے لیے طہارت کا ہونا ضروری نہیں ہے، اگر کسی شخص کو رات میں احتلام ہو جائے یا بیوی سے ہمبستری کرنے کی وجہ سے اس پر غسل فرض ہو جائے تو وہ اسی حالت میں روزہ رکھ سکتا ہے، لیکن نماز فجر سے پہلے غسل کرنا ضروری ہے، کیونکہ نماز کے لیے طہارت شرط ہے۔

سیدہ عائشہ اور سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بعض اوقات بیویوں کی مقاربت کی وجہ سے صبح تک بحالت جنابت رہتے پھر غسل کرتے اور روزہ رکھ لیتے۔ **(صحیح البخاري، الصوم: 1926، صحیح مسلم، الصیام: 1109)**

والله أعلم بالصواب